## قومی نصاب برائے 2022-23

# اردو (لازمی)

(پہلی سے بارھویں جماعت کے لیے)




**قومی نصاب کونسل سیکریٹریٹ**

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# قومی نصاب

## 2022-23

# اردو (لازمی)

## حاصلاتِ تعلم کی پیش رفت کا خاکہ

(پہلی سے بارھویں جماعت کے لیے)

**قومی نصاب کونسل سیکریٹریٹ**

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان



یہ امر ہمارے لیے فخر کا باعث ہے کہ ہم قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ کی جانب سے پاکستان کی 75 سالہ تاریخ کا پہلا بنیادی نصاب پیش کر رہے ہیں۔ آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 25اے کے تحت تعلیم کے حق کی فراہمی کے ساتھ ساتھ، پاکستان کا قومی نصاب وطنِ عزیز کے ہر بچے کو ہر پل بدلتی اس دنیا میں پھلنے پھولنے اور خود کو اس کی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے لیے ضروری مہارتوں سے لیس کرنے کی غرض سے ترتیب دیا گیا ہے ۔

اس نصاب کو بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان بھر کے نوجوانوں کی معاشی، مذہبی اور سماجی ضروریات کی حساسیت کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس نصاب کا ایک اور اہم مقصد جماعت کے کمرے میں تعلیم کے حصول میں رٹے کی حوصلہ شکنی اور علم کو اس کی روح کے مطابق سیکھنے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

تصور پر مبنی تعلیم قومی نصاب کے تمام پہلوؤں پر محیط ہے اور نصابی کتابوں، تدریس، کلاس روم پریکٹس، اور تشخیص کو ترتیب دیتی ہے تاکہ طلبہ کے سیکھنے کے نتائج کو بہتر بنایا جاسکے۔ تنقیدی سوچ کی مشقوں کی ایک بھرپور فہرست سے استفادہ کرتے ہوئے، طلبہ زندگی بھر سیکھنے کا سفر شروع کرنے کے لیے پر اعتماد ہوں گے، اپنی کمزوریوں کو تسلیم کرنے کے قابل ہوں گے اور اپنی مہارتوں کو بڑھانے کا شوق پیدا کریں گے۔

اس قومی نصاب کو کو ایک ملک گیر مشاورتی عمل کے ذریعے تیار کیا گیا ہے جس میں سرکاری، نجی اور غیر سرکاری شعبوں کے ماہرینِ نصاب سمیت دیگر ماہرین کی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔ اس نصاب کی تیاری میں صوبائی محکمہ ہائے تعلیم، ٹیکسٹ بک بورڈز، امتحانی محکمہ جات، تربیت اساتذہ کے ادارے، دینی مدارس، سرکاری و نجی ناشران، نجی تعلیمی ادارے اور نجی تعلیمی اداروں کی تنظیموں کے نمائندوں نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا تاکہ یہ نصاب تمام پاکستانی طلبہ کی ضروریات کو پورا کرسکے۔

ہر شعبے کے تعلیم سے وابستہ ماہرین کے تجربات اور اجتماعی دانش اس نصاب کی مضبوطی کا باعث ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ شمولیت، ہم آہنگی اور امن کی بنیادی اقدار کی شمولیت اس نصاب کو حقیقی معنوں میں وطنِ عزیز کی تعلیمی امنگوں کا ترجمان بناتی ہے۔

میں اس موقع پر طلبہ، اساتذہ اور والدین سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنھوں نے پاکستان کے قومی نصاب کی تیاری میں اپنا کردار ادا کیا۔

**ڈاکٹر مریم چغتائی**

ڈائریکٹر

قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان

**مہارت (الف): سننا**

معیار (الف): مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم اور ادراک سے معانی کا اکتساب اور اظہارِ رائے۔

| حد تدریج | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت اوّل تا سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
| سن کر مناسب طریقے سے ردِ عمل کا اظہار کرنا<br>غور سے سننا اور اس پر اظہارِ رائے کرنا<br>بر محل تبصروں اور سوالات کے ذریعے ظاہر کرنا کہ بات توجہ سے سنی گئی ہے<br>معیاری اردو کی پہچان ہونا | گفتگو اور تقریر کی نشان دہی کرنا اور سن کر معیاری اور غیر معیاری اردو میں فرق کرنا<br>عبارت سن کر اہم نکات اور اجزا سے متعلق معلومات، مشاہدات اور خیالات بیان کرنا<br>کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ / خطاب، گفتگو، خبر، ڈرامہ اور ہدایت کی نشان دہی کرنا | | روز مرہ بول چال (اخلاقی ، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) سے متعلق سن کر سمجھنا<br>سن کر کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈراما، ہدایت اور فیچر کی نشان دہی کرنا | | |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| حاصلات تعلم | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
| [SLO: U-01-A-01] ہدایت، جملے، نظم، کہانی یا مختصر گفتگو سن کر سمجھ سکیں | [SLO: U-02-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق مختصر کہانی، نظم، گفتگو، واقعہ اور ہدایت سن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں | - | - | - | | | |
| [SLO: U-01-A-02] جملے، نظم، کہانی یا مختصر گفتگو سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں اور سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں | [SLO: U-02-A-02] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق مختصر کہانی نظم، گفتگو اور واقعہ سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں اور سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں | [SLO: U-03-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق نظم، کہانی، گفتگو، واقعہ، تقریر یا خبر سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں | [SLO: U-04-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق واقعہ، خطبہ، کہانی، نظم، تقریر، اعلان، خبر یا ہدایت سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں | [SLO: U-05-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں | [SLO: U-06-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں | [SLO: U-07-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت اور فیچر سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں | [SLO: U-08-A-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت اور فیچر سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں |

*=اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-A-03] سن کر اپنی پسند ناپسند کا اظہار کر سکیں (استحسان و تنقید) | [SLO: U-02-A-03] سن کر اپنی رائے کا زبانی اظہار کر سکیں | [SLO: U-03-A-02] سن کر اپنی رائے کا مدلل اظہار کر سکیں | – | – | – | – | – |
| – | – | [SLO: U-03-A-03] عبارت سن کر اس کے اجزا سے متعلق معلومات اور خیالات بیان کر سکیں | [SLO: U-04-A-02]<br>[SLO: U-05-A-02]<br>[SLO: U-06-A-02]<br>[SLO: U-07-A-02]<br>[SLO: U-08-A-02]<br>اپنی جماعت کے معیار کے مطابق عبارت سن کر اہم نکات اور اجزا سے متعلق معلومات، مشاہدات اور خیالات بیان کر سکیں | | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم و ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| – | – | – | [SLO: U-04-A-03]<br>گفتگو اور تقریر کی نشان دہی کر سکیں اور سن کر صحیح اور غلط اردو میں فرق کر سکیں (استحسان و تنقید) | [SLO: U-05-A-03]<br>مختلف سمعی ذرائع ابلاغ (کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت) کی نشان دہی کر سکیں | [SLO: U-06-A-03]<br>مختلف سمعی ذرائع ابلاغ (کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت) کی نشان دہی کر سکیں | [SLO: U-07-A-03]<br>[SLO: U-08-A-03]<br>مختلف سمعی ذرائع (کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت اور فیچر) کی نشان دہی کر سکیں |
| | | | | | | SLO: U-07-A-04]]<br>[SLO: U-08-A-04]<br>ذرائع ابلاغ (خبروں، ڈراموں اور فیچروں) میں اٹھائے گئے اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی نکات سن کر تجزیہ کر سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

مہارت (ب): بولنا

معیار (ب): درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل جملوں میں مختلف صورت حال کے مطابق گفتگو، اپنے مؤقف، مدعا، رائے (مافی الضمیر) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند جملے یا مربوط اور منظم تقریر

حدِ تدریج

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی دل چسپی کی چیزوں سے متعلق بات کرنا<br>اپنے خیالات کی پیش رفت اور وضاحت کے لیے صاف گفتگو کرنا اپنے بڑھتے ہوئے ذخیرہ الفاظ کا گفتگو میں استعمال کرنا<br>درست تلفظ اور لب و لہجے کے ساتھ بولنا<br>گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کرنا<br>خود اعتمادی کے ساتھ مختصر تقریر کرنا | | | مخصوص موضوع پر گفتگو کرنا جس میں خیالات کی پیش رفت شعوری طور پر ہو<br>گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کرنا<br>ذخیرۂ الفاظ اور قواعد کا درست استعمال کرنا<br>انداز اور الفاظ کی تبدیلی کے ذریعے سننے والے کی دل چسپی کو برقرار رکھنا<br>کسی بھی موضوع پہ پُر اعتماد انداز میں تقریر کرنا | | گفتگو میں مختلف النوع الفاظ اور تاثرات کی مدد سے سننے والوں کی دل چسپی کو برقرار رکھنا<br>دوسروں کے خیالات کا تجزیہ کرتے ہوئے حسبِ ضرورت اپنے دلائل دینا<br>اپنی بات کی توجیہہ پیش کرنا<br>کسی بھی موضوع پہ پُر اعتماد انداز میں تقریر کرنا | | |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| حاصلاتِ تعلم | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
| [SLO: U-01-B-01]<br>روز مرہ استعمال ہونے والے الفاظ کی درست ادائی کر سکیں اور انھیں گفتگو میں استعمال کر سکیں | [SLO: U-02-B-01]<br>چار یا چار سے زائد ارکان والے الفاظ کی درست ادائی کر سکیں | | | | | | |
| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم تا ہشتم | | | | |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| | | | |
|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-B-02]<br>روز مرہ کے امور سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، اور معلومات کا پُر اعتماد زبانی اظہار کر سکیں | [SLO: U-02-B-02]<br>روز مرہ کے امور سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل بر قرار رکھتے ہوئے درست قواعد کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں (کم از کم دو سے تین رواں جملے) (تقریر) | [SLO: U-03-B-01]<br>مختلف موضوعات سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل بر قرار رکھتے ہوئے درست قواعد اور حرکات و سکنات کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں (کم از کم پانچ سے سات رواں جملے) (تقریر) | [SLO: U-04-B-01]<br>[SLO: U-05-B-01]<br>[SLO: U-06-B-01]<br>[SLO: U-07-B-01]<br>[SLO: U-08-B-01]<br>اپنی جماعت کے معیار کے مطابق مختلف موضوعات سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل بر قرار رکھتے ہوئے درست قواعد اور حرکات و سکنات کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں (تقریر) |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت دوم | جماعت سوم تا پنجم | جماعت ششم تا ہشتم |
|---|---|---|
| [SLO: U-02-B-03]<br>الفاظ، جملوں، اور مختصر نظموں کو درست تلفظ اور لب و لہجے کے ساتھ ادا کر سکیں | [SLO: U-02-B-03]<br>[SLO: U-03-B-02]<br>[SLO: U-04-B-02]<br>[SLO: U-05-B-02]<br>اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ درست تلفظ اور لب و لہجے کے ساتھ بیان کر سکیں | [SLO: U-06-B-02]<br>[SLO: U-07-B-02]<br>[SLO: U-08-B-02]<br>اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کسی بھی نظم اور نثر پارے کو درست تلفظ، آہنگ، حرکات و سکنات کے ساتھ بیان کر سکیں |

| جماعت اول و دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-B-04]<br>[SLO: U-02-B-04]<br>گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں (گروہی گفتگو میں حصہ لینا، اپنی باری کا انتظار کرنا، بڑوں سے بات کرنا وغیرہ) (روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-03-B-03]<br>گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔ (مختلف صورت حال کی مناسبت سے الفاظ، تاثرات، لب و لہجے کا انتخاب) کر سکیں (روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-04-B-03]<br>گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں (مکالماتی طریقہ کار، معیاری اور غیر معیاری اردو میں تفریق، ڈرامہ پیش کرنا وغیرہ) (روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | – | – | – | – |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم تا ہشتم |
|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-B-06]<br>اپنے اور اپنے گھر والوں کے بارے میں بات کر سکیں | [SLO: U-02-B-05]<br>کم از کم پانچ سے چھ جملوں پر مشتمل تقریر کر سکیں (تقریر) | [SLO: U-03-B-04]<br>کم از کم آٹھ سے دس جملوں پر مشتمل تقریر کر سکیں (تقریر) | [SLO: U-04-B-04]<br>[SLO: U-05-B-03]<br>[SLO: U-06-B-03]<br>[SLO: U-07-B-03]<br>[SLO: U-08-B-03]<br>اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کسی بھی موضوع پہ پُر اعتماد انداز میں تقریر کر سکیں (تقریر) |

* = اضافی حاصلاتِ تعلم (advanced/additional SLOs)

مہارت (ج): پڑھنا

معیار (ج): حروف، الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان اور ادراک۔ تحریر کی صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی۔ سوالات کے مربوط جوابات۔

حدِّ تدریج

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف اور ان کی آوازوں کے علم کو الفاظ پڑھنے میں استعمال کرنا تصویر یا منظر کی مناسبت سے دیے گئے سوالات پڑھ کر جوابات دینا<br>آسان عبارت اور نظم پڑھ کر فہم کا اظہار کرنا<br>معاونت کے بغیر روانی اور درستی کے ساتھ مختلف عبارات پڑھنا اور مرکزی نکات سمجھنا | | | مختلف ذرائع سے معلومات حاصل کرنا اور انھیں استعمال میں لانا<br>اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے، پڑھی ہوئی عبارت کا حوالہ دینا اور کلیدی خصوصیات، موضوع اور کردار شناخت کرنا | | مختلف النوع عبارتوں سے حاصل ہونے والی معلومات کی سمجھ کا اظہار کرنا<br>نظم اور نثر پڑھ کر رائے کا اظہار کرنا (ذاتی اور تنقیدی)<br>مختلف معلومات اور تصورات کا تجزیہ کر کے ان پر تنقید اور تبصرہ کرنا | | |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| حاصلاتِ تعلم | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
| [SLO: U-01-C-01]<br>صوتیات کی پہچان اور استعمال کر سکیں (مصوتے ، مصمتے، حروف تہجی اور آوازیں، آوازوں کی مدد سے ارکان اور الفاظ سازی، ایک ہی آواز سے شروع یا ختم ہونے والے الفاظ کے ہجے) | [SLO: U-02-C-01]<br>[SLO: U-03-C-01]<br>صوتیات کی پہچان اور استعمال کر سکیں (آوازوں کی مدد سے ارکان اور الفاظ سازی، ایک ہی آواز سے شروع یا ختم ہونے والے الفاظ کے ہجے، چھوٹی اور بڑی آوازوں کو پہچاننا) | | [SLO: U-04-C-01]<br>صوتیات کی پہچان اور استعمال کر سکیں (ایسے حروف کی پہچان ہونا جو ایک ساتھ آئیں تو آواز بدل لیں، مثلاً بعض جگہ پر جب 'ن' اور 'ب' ایک ساتھ آئیں تو ان کی آواز 'م' کی نکلتی ہے۔ جیسے چنبیلی کو چمبیلی پڑھا جاتا ہے) | | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم وسوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-02] حروف، ان کی ترتیب اور آدھی اشکال کو سمجھ اور پہچان سکیں | [SLO: U-02-C-02]<br>[SLO: U-03-C-02]<br>حروف کی بدلتی ہوئی اشکال کی پہچان اور انھیں الفاظ میں استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-C-02]<br>حروفِ تہجی کے مطابق الفاظ کے تلفظ اور ترتیب کی پہچان کر سکیں | | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم تا پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-03]مصوتوں اور مصمتوں کی مدد سے ارکان سازی اور الفاظ سازی (ایک اور دو رکنی الفاظ) کر سکیں | [SLO: U-02-C-03] ارکان اور الفاظ سازی کر سکیں (دو رکنی، سہ رکنی، مصوتوں اور مصمتوں کی مدد سے) | [SLO: U-03-C-03] [SLO: U-04-C-03] [SLO: U-05-C-01] ارکان اور الفاظ سازی کر سکیں (دو رکنی، سہ رکنی، کثیر الرکنی، مصوتوں اور مصمتوں کی مدد سے) | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم وسوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-04]<br>مصوتوں کی چھوٹی آوازوں کو پہچان سکیں (زیر،زبر،پیش) | [SLO: U-02-C-04]<br>[SLO: U-03-C-04]<br>مصوتوں کی چھوٹی آوازوں (زیر،زبر،پیش) اور بڑی آوازوں (ا،و،ی، ے) کے فرق کی پہچان اور استعمال کر سکیں | | | | | |

| جماعت اوّل تا سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-05]<br>[SLO: U-02-C-05]<br>[SLO: U-03-C-05]<br>بھاری آوازیں پہچان سکیں اور انھیں استعمال کر سکیں | | | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل تا پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|
| اپنی جماعت کے معیار کے مطابق بصری الفاظ کی پہچان اور استعمال کر سکیں<br>[SLO: U-01-C-06]<br>[SLO: U-02-C-06]<br>[SLO: U-03-C-06]<br>[SLO: U-04-C-04]<br>[SLO: U-05-C-02] | | | |
| اپنی جماعت کے معیار کے مطابق عام استعمال میں شامل مشکل الفاظ کو پہچان / سمجھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں<br>[SLO: U-01-C-07]<br>[SLO: U-02-C-07]<br>[SLO: U-03-C-07]<br>[SLO: U-04-C-05]<br>[SLO: U-05-C-03] | | | |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-08] الفاظ کے ہجوں کی پہچان کر سکیں (متن کے حوالے سے سادہ اور مرکب الفاظ کے ہجوں کی پہچان ہونا) | [SLO: U-02-C-08] الفاظ کے ہجوں کی پہچان کر سکیں (کثیر الاستعمال الفاظ، بصری الفاظ) | [SLO: U-03-C-08] الفاظ کے ہجوں کی پہچان کر سکیں (کثیر الاستعمال الفاظ) | [SLO: U-04-C-05] الفاظ کے ہجوں کی پہچان کر سکیں (نہ پڑھے جانے والے حروف کی پہچان ہونا) | [SLO: U-05-C-04] الفاظ کے ہجوں کی پہچان کر سکیں (رائج ہجّوں کے مطابق نہ پڑھے جانے والے حروف کی پہچان ہونا مثلاً: خواہش، بالکل وغیرہ) | | | |
| [SLO: U-01-C-09] نون غنہ، یائے معدولہ، واؤ معدولہ، تشدید اور تنوین کے حامل الفاظ صحت کے ساتھ پڑھ سکیں۔ واؤ معروف، واؤ لین، یائے معروف اور یائے لین کے الفاظ میں امتیاز کر سکیں | | | | | | | |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم تا ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-10] کم از کم ۱۰۰ الفاظ پر مبنی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں | [SLO: U-02-C-09] کم از کم ۱۵۰ الفاظ پر مبنی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں | [SLO: U-03-C-09] کم از کم ۲۰۰ الفاظ پر مبنی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں | [SLO: U-04-C-06] کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مبنی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں | [SLO: U-05-C-05] کم از کم ۳۰۰ الفاظ پر مبنی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں | [SLO: U-06-C-01] [SLO: U-07-C-01] [SLO: U-08-C-01] طویل عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں |

| جماعت اوّل تا دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم و ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-11] [SLO: U-02-C-10] سادہ عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں | [SLO: U-03-C-10] سادہ اور مرکب جملوں پر مشتمل عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں | [SLO: U-04-C-07] متن کو فہم کے ساتھ پڑھ سکیں | [SLO: U-05-C-06] متن کو فہم، درست تلفظ اور ادائی کے ساتھ پڑھ سکیں | [SLO: U-06-C-02] [SLO: U-07-C-02] روز مرہ / محاورہ / کہاوتوں / ضرب الامثال کا مفہوم سمجھتے ہوئے عبارت پڑھ سکیں | [SLO: U-08-C-02] عبارت کو اس کے اسلوب، مقصود اور بیان کو پیش نظر رکھتے ہوئے پڑھ سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C-12] تصویر یا منظر دیکھ کر یا متن پڑھ کر سوالات کے درست جوابات دے سکیں | [SLO: U-02-C-11] تصویر دیکھ کر، نظم، کہانی یا عبارت پڑھ کر تفہیمی سوالات کے درست جوابات دے سکیں | [SLO: U-03-C-11] تصویر یا منظر دیکھ کر یا نظم و نثر کو پڑھ کے سوالات کے جوابات دے سکیں اور عنوان تحریر کر سکیں | [SLO: U-04-C-08] نظم و نثر پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں اور عنوان تحریر کر سکیں | [SLO: U-05-C-07] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں اور عنوان تحریر کر سکیں | [SLO: U-06-C-03] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں، نثری تحاریر میں امتیاز کر سکیں | [SLO: U-07-C-03] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں، نثری تحاریر کے اجزا اور سیاق و سباق کا اندازہ لگا سکیں | [SLO: U-08-C-03] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں، نثری تحاریر (کہانی، ڈرامے اور مضمون) میں مصنف کی تکنیک، مقصد اور طرز کو سمجھ سکیں |
| [SLO: U-01-C-13] اُردو زبان میں دیگر زبانوں کے الفاظ پڑھ کر متن کے حوالے سے اُن کا مفہوم بتا سکیں | [SLO: U-02-C-12] کہانی، مکالمے اور ڈرامے کو سمجھ کر پڑھ سکیں | [SLO: U-03-C-12] کہانیاں، واقعات، ڈرامے اور نظمیں پڑھ کر نتائج اخذ کر سکیں | [SLO: U-04-C-09] کہانی اور نظم پڑھ کر عنوان، عناصر اور نتائج اخذ کر سکیں | [SLO: U-05-C-08] متن کو سمجھ کر معنی اخذ کر سکیں اور غیر ضروری تفصیل کو منہا کر سکیں | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم تا ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| - | - | - | - | [SLO: U-05-C-09]<br>عبارت (نظم و نثر) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کر سکیں | [SLO: U-06-C-04]<br>[SLO: U-07-C-04]<br>[SLO: U-08-C-04]<br>عبارت (نظم و نثر) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کر سکیں |
| - | - | [SLO: U-03-C-13]<br>نظم و نثر کو تلفظ، آہنگ، لے، روانی کے ساتھ پڑھ سکیں | [SLO: U-04-C-10]<br>نظم و نثر کا مفہوم سمجھتے ہوئے لے، آہنگ اور روانی کے ساتھ پڑھ سکیں | [SLO: U-05-C-10]<br>نظم و نثر کو آواز کے درست اتار چڑھاؤ کے ساتھ تحت اللفظ/ترنم میں پڑھ سکیں | [SLO: U-06-C-05]<br>[SLO: U-07-C-05]<br>[SLO: U-08-C-05]<br>نظم و نثر کو منشا اور مقصد کے حوالے سے سمجھ کر درست اتار چڑھاؤ اور روانی سے پڑھ سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل تا ہشتم |
|---|
| [SLO: U-01-C-14] [SLO: U-02-C-13] [SLO: U-03-C-14] [SLO: U-04-C-11] [SLO: U-05-C-11] [SLO: U-06-C-06] [SLO: U-07-C-06] [SLO: U-08-C-06<br>لطائف اور پہیلیوں کو پڑھتے ہوئے ان میں پوشیدہ دانش کو سمجھ کر بتا سکیں |

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم تا ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-C 15]<br>ٹی وی اور برقی میڈیا پر اُردو کے روزمرہ استعمال کے آسان الفاظ پڑھ سکیں (روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-02-C-14]<br>ٹی وی، موبائل اور کمپیوٹر وغیرہ پر سادہ جملے پڑھ سکیں۔(روزمرہ زندگی کی مہارتیں)<br>کتاب، کیلنڈر، جدول، ریل گاڑی، بس وغیرہ میں لکھے ہوئے سادہ پیغامات / ہدایات / اشتہارات پڑھ اور سمجھ سکیں*(روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-03-C-15]<br>ٹی وی، موبائل، کمپیوٹر وغیرہ پر مختصر عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں* (روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-04-C-12]<br>موبائل، ٹیب، کمپیوٹر یا انٹرنیٹ وغیرہ کی مدد سے نظم و نثر پڑھ سکیں* (روزمرہ زندگی کی مہارتیں)<br>عبارت میں موجود جدول، تصاویر اور نقشوں میں دی گئیں معلومات پڑھ کر نتائج اخذ کر سکیں *(روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-05-C-12]<br>نصاب کے علاوہ بچوں کے اخباری صفحات، رسائل اور جرائد کے مضامین، کہانیاں، خبریں، اداریے، اشتہارات اور خطوط بہ نام مدیر وغیرہ سمجھ کر پڑھ سکیں*(روزمرہ زندگی کی مہارتیں) | [SLO: U-06-C-07]<br>[SLO: U-07-C-07]<br>[SLO: U-08-C-07]<br>اخبارات، رسائل و جرائد میں خبریں، اداریے، روددادیں، اشتہارات اور خطوط بہ نام مدیر وغیرہ روانی سے پڑھ سکیں*(روزمرہ زندگی کی مہارتیں) |

*= اضافی حاصلات تعلم(advanced/additional SLOs)

مہارت (د): لکھنا

معیار (د): حروف، الفاظ، جملے اور عبارت کی درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ تحریر - اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت کی مناسبت سے پیش کش

<table dir="rtl">
<tr><th colspan="8">حدِ تدریج</th></tr>
<tr><th>جماعت اول</th><th>جماعت دوم</th><th>جماعت سوم</th><th>جماعت چہارم</th><th>جماعت پنجم</th><th>جماعت ششم</th><th>جماعت ہفتم</th><th>جماعت ہشتم</th></tr>
<tr>
<td colspan="3">درست املا کے ساتھ کثیر الارکان الفاظ استعمال کرنا<br>تحریر میں معانی کا اظہار سادہ الفاظ اور جملوں میں کرنا<br>جملوں کو اس طرح ترتیب دینا کہ مناسب انداز میں خیالات کی پیش رفت ہو اور متنوع الفاظ کے چناؤ سے دل چسپی پیدا ہو<br>اردو ہندسوں اور لفظوں میں ایک سے چالیس تک گنتی اور ایک سے بیس تک عددی ترتیب لکھنا<br>منظر، تصویر اور عنوان (مضمون، کہانی، خط) پر کم از کم دس مربوط جملے لکھنا</td>
<td colspan="2">مخصوص ترتیب کے حامل کثیر الارکان الفاظ کا درست املا لکھنا<br>آسان اور پیچیدہ جملے بنانا اور پیراگراف کی شکل میں ترتیب دینا<br>الفاظ کا درست چناؤ اور پُر تخیل استعمال کرنا<br>اردو ہندسوں اور لفظوں میں ایک سے سو تک گنتی اور ایک سے تیس تک عددی ترتیب لکھنا<br>کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، آپ بیتی، روزنامچہ اور درخواست لکھنا<br>نظم کو نثر میں تبدیل کرنا اور اشعار کا مطلب لکھنا</td>
<td colspan="3">مخصوص ترتیب کے حامل کثیر الارکان الفاظ کا درست املا لکھنا مختلف ساخت کے حامل اور متنوع ذخیرۂ الفاظ کی مدد سے جملے ترتیب دینا<br>تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علاماتِ وقف کا درست استعمال کرنا<br>خیالات کو ترتیب اور تسلسل کے ساتھ پیراگراف کی صورت میں لکھنا<br>دوسروں کی تحریر کا تنقیدی جائزہ لینا اور اپنا نقطۂ نظر واضح طور پر پیش کرنا<br>حوالوں کے ساتھ اشعار کی تشریح کرنا<br>کسی بھی ادب پارے (نظم و نثر) کا مرکزی خیال اور خلاصہ لکھنا<br>کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، تبصرہ، تقریر اور درخواست لکھنا</td>
</tr>
</table>

* = اضافی حاصلاتِ تعلّم (advanced/additional SLOs)

## حاصلاتِ تعلم

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-D-01] حروفِ تہجی اور ان کی آدھی اشکال لکھ سکیں، ارکان سازی اور الفاظ سازی کر سکیں | - | - | - | | - | - | - |
| - | [SLO: U-02-D-01] مخصوص ذخیرہ الفاظ کی املا لکھ سکیں | [SLO: U-03-D-01] اپنی جماعت کے معیار کے مطابق املا لکھ سکیں | [SLO: U-04-D-01] [SLO: U-05-D-01] املا کو صحت کے ساتھ تحریر کر سکیں | | [SLO: U-06-D-01] [SLO: U-07-D-01] [SLO: U-08-D-01] املا کو صحت اور رفتار کے ساتھ تحریر کر سکیں | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل و دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم تا ہشتم |
|---|---|---|
| [SLO: U-01-D-02]<br>[SLO: U-02-D-02]<br>دو سے تین ارکان والے الفاظ استعمال کرتے ہوئے آسان جملے / گھر یا اسکول کا پتا لکھ سکیں | [SLO: U-03-D-02]<br>متن میں شامل نئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کر سکیں۔<br>اسمائی، صفاتی اور فعلی الفاظ کا تحریر میں درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-D-02]،[SLO: U-05-D-02]،[SLO: U-06-D-02]،<br>[SLO: U-07-D-02]،[SLO: U-08-D-02]<br>اپنی جماعت کے معیار کے مطابق جملے بنا سکیں (سادہ، مرکّب، محاورات کی مدد سے) |

| جماعت اوّل و دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم و ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| – | [SLO: U-03-D-03]<br>نظم / اشعار کو نثر میں تبدیل کر کے لکھ سکیں | [SLO: U-04-D-03]<br>نظم کے اشعار کا مطلب لکھ سکیں | [SLO: U-05-D-03]<br>نظم کے اشعار کا مفہوم لکھ سکیں | [SLO: U-06-D-03]<br>نظم کے اشعار کی تشریح کر سکیں | [SLO: U-07-D-03]<br>[SLO: U-08-D-03]<br>نظم کے اشعار کی حوالوں کے ساتھ تشریح کر سکیں |
| – | – | – | – | [SLO: U-06-D-04]<br>[SLO: U-07-D-04]<br>[SLO: U-08-D-04]<br>نظم یا نثر پڑھ کر خلاصہ / مرکزی خیال لکھ سکیں | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اوّل | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم تا ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-D-03] ایک سے دس تک گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں | [SLO: U-02-D-03] ایک سے بیس تک گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں | [SLO: U-03-D-04] ایک سے چالیس (۴۰) تک گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں | [SLO: U-04-D-04] ایک سے ستر (۷۰) تک گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں | [SLO: U-05-D-04] ایک سے سو تک گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں | |
| | [SLO: U-02-D-04] ایک سے دس تک درست عددی ترتیب لکھ سکیں | [SLO: U-03-D-05] تحریر میں عددی ترتیب (ایک سے بیس تک) کا درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-D-05] جملوں / تحریر میں عددی ترتیب (ایک سے تیس تک) کا درست استعمال کر سکیں<br>عددی ترتیب (اٹھارہواں، اٹھارہویں، اُنیسواں، اُنیسویں) کا فرق سمجھ کر لکھ سکیں | [SLO: U-05-D-05] عددی ترتیب (اٹھارہواں، اٹھارویں،، اٹھارِویں ،اُنیسواں، اُنیسوَیں، اُنیسوِیں وغیرہ) کا فرق سمجھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں | |

* = اضافی حاصلات تعلّم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-D-04] تصویری جملے بنا سکیں (کم از کم ایک جملہ)(تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-02-D-05] منظر / منظر کی تصویر، خاکہ دیکھ کر کم از کم پانچ جملے لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-03-D-06] منظر / منظر کی تصویر دیکھ کر عبارت لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-04-D-06] مشاہدہ / منظر / منظر کی تصویر دیکھ کر مربوط عبارت لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-06] واقعہ / ماحول کا مشاہدہ کر کے مربوط عبارت لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | | | |
| [SLO: U-01-D-05] کسی عنوان پر تین سے پانچ سادہ جملے لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-02-D-06] کسی عنوان پر پانچ سے سات سادہ جملے لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-03-D-07] مضمون لکھ سکیں (۸ سے ۱۰ جملے)(تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-04-D-07] مضمون لکھ سکیں (۱۰ سے ۱۲ جملے)(تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-07] مضمون لکھ سکیں (۱۲ سے ۱۵ جملے) (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-06-D-05] مضمون لکھ سکیں (کم از کم ۲۰۰ الفاظ)(تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-07-D-05] مضمون لکھ سکیں (کم از کم ۲۵۰ الفاظ) (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-08-D-05] مضمون لکھ سکیں (کم از کم ۳۰۰ الفاظ)(تخلیقی لکھائی) |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | [SLO: U-03-D-08] تصاویر اور خاکے کی مدد سے۔ ۸ سے ۱۰ جملوں پر مشتمل کہانی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-04-D-08] خاکے اور عنوان کی مدد سے ۱۰ سے ۱۲ جملوں پر مشتمل کہانی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-08] عنوان کی مدد سے / انجام کی تبدیلی سے ۱۲ سے ۱۵ جملوں پر مشتمل کہانی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-06-D-06] عنوان اور آغاز کی مدد سے کم از کم ۱۷۵ الفاظ پر مشتمل کہانی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-07-D-06] عنوان کی مدد سے اور محاورات کی مدد سے کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل کہانی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-08-D-06] عنوان کی مدد سے / مناسب محاورات / ضرب الامثال کا استعمال کرتے ہوئے کم از کم ۳۰۰ الفاظ پر مشتمل کہانی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) |
| | | [SLO: U-03-D-09] مختصر غیر رسمی خط لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-04-D-09] خط کے اجزا کا خیال رکھتے ہوئے غیر رسمی خط لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-09] خط کے اجزا کا خیال رکھتے ہوئے رسمی خط لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-06-D-07] [SLO: U-07-D-07] [SLO: U-08-D-07] رسمی اور غیر رسمی خط لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | [SLO: U-04-D-10] ۱۰ سے جملوں پر مشتمل مکالمہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-10] ۱۲ سے ۱۵ جملوں پر مشتمل مکالمہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی ) | [SLO: U-06-D-08] کم از کم ۱۷۵ الفاظ پر مشتمل مکالمہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-07-D-08] کم از کم ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل مکالمہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-08-D-08] کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل مکالمہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) |
| | | | [SLO: U-04-D-11] ۱۰ سے ۱۲ جملوں پر مشتمل آپ بیتی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-11] ۱۲ سے ۱۵ جملوں پر مشتمل آپ بیتی لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی ) | | | |
| | | | [SLO: U-04-D-12] روزنامچہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-05-D-12] روزنامچہ/ڈائری لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم تا ہشتم | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | [SLO: U-05-D-13]<br>[SLO: U-06-D-09]<br>[SLO: U-07-D-09]<br>[[SLO: U-08-D-09<br>درخواست لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | | | |
| | | | | | [SLO: U-06-D-10]<br>کم از کم ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل روداد لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-07-D-10]<br>کم از کم ۱۷۵ الفاظ پر مشتمل روداد لکھ کر سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-08-D-10]<br>کم از کم ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل روداد لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) |

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | [SLO: U-07-D-11] کم از کم ۱۷۵ الفاظ پر مشتمل تبصرہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | [SLO: U-08-D-11] کم از کم ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل تبصرہ لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) |
| | | | | | | [SLO: U-07-D-12] [SLO: U-08-D-12] کم از کم ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل عبارت کی تلخیص لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) | |
| | | | | | | | [SLO: U-08-D-13] کسی بھی موضوع پر کم از کم ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں (تخلیقی لکھائی) |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

مہارت (ہ): زبان شناسی / قواعد

معیار (ہ): زبان کے تکنیکی پہلوؤں (یعنی قواعد کی خصوصیات) کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست استعمال

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حدِ تدریج | | | | | | | |
| اردو قواعد کے اجزا کی پہچان ہونا اور جملوں میں استعمال کرنا<br>الفاظ کی مختلف اقسام کی پہچان ہونا اور استعمال کرنا<br>جملوں میں رموزِ اوقاف اور اعراب کی پہچان ہونا اور درست استعمال کرنا | | | اردو قواعد کے اجزاء کا مناسب استعمال کرنا<br>الفاظ اور جملوں کی مختلف اقسام کی پہچان ہونا اور مناسب استعمال کرنا<br>جملوں میں رموزِ اوقاف اور اعراب کا درست استعمال کرنا | | قواعد کے اعتبار سے مشکل اور گہرے معانی والے جملے استعمال کرنا الفاظ اور جملوں کی مختلف اقسام کی پہچان ہونا اور عبارت میں مناسب اور برمحل استعمال کرنا<br>عبارت میں رموزِ اوقاف اور اعراب کا درست استعمال کرنا | | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

## حاصلاتِ تعلم

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-01] واحد جمع (ے) میں فرق کر سکیں | [SLO: U-02-E-01] واحد جمع (ے، ں، اں) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-03-E-01] واحد جمع (ے، ں، اں، یں) میں فرق پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-E-01] واحد جمع (ین، ئیں، ات) میں فرق پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-05-E-01] واحد جمع (عبارت میں) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-06-E-01] واحد جمع (عربی قواعد کے مطابق) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-01] واحد جمع (عربی قواعد کے مطابق) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-08-E-01] واحد جمع (عربی قواعد کے مطابق اور جمع الجمع) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں |
| [SLO: U-01-E-02] مذکر و مؤنث میں پہچان کر سکیں | [SLO: U-02-E-02] مذکر کے مؤنث (الفاظ) لکھ سکیں | [SLO: U-03-E-02] مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر (الفاظ اور جملے) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-E-02] تذکیر و تانیث (جاندار اور بے جان الفاظ اور جملے) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-05-E-02] تذکیر و تانیث (جاندار اور بے جان عبارت میں) کا فرق پہچان سکیں | [SLO: U-06-E-02] الفاظ کی تذکیر و تانیث کے فرق کو سمجھ سکیں (عبارت میں) | [SLO: U-07-E-02] [SLO: U-08-E-02] اسما اور ضمائر کی تذکیر و تانیث کر سکیں (عبارت میں) | |

*= اضافی حاصلاتِ تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-03] الفاظ اور متضاد (الفاظ الٹ) کی پہچان کر سکیں | [SLO: U-02-E-03] الفاظ کے متضاد (الفاظ میں) بنا سکیں | [SLO: U-03-E-03] الفاظ کے متضاد (الفاظ اور جملے) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-E-03] متضاد الفاظ (جملوں میں) استعمال کر سکیں | [SLO: U-05-E-03] متضاد الفاظ (جملوں میں) استعمال کر سکیں | [SLO: U-06-E-03] متضاد الفاظ کو (عبارت میں) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-03] متضاد الفاظ کو (عبارت میں) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-08-E-03] متضاد الفاظ کو (عبارت میں) استعمال کر سکیں |
| – | – | [SLO: U-03-E-04] الفاظ مترادف (ہم معانی الفاظ) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-E-04] مترادف اور متضاد میں فرق کر سکیں | [SLO: U-05-E-04] مترادف اور متضاد میں فرق پہچان کر استعمال کر سکیں | – | – | – |
| - | - | - | - | [SLO: U-05-E-05] متشابہ الفاظ (تصور) کی پہچان کر سکیں | [SLO: U-06-E-04] متشابہ الفاظ (بلحاظ اعراب) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-04] متشابہ الفاظ (بلحاظ املا) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-08-E-04] متشابہ الفاظ (بلحاظ آواز) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم تا ہشتم | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| - | - | - | [SLO: U-04-E-05]<br>گروہی الفاظ (متلازم الفاظ) کا تصور سمجھ سکیں | [SLO: U-05-E-06]<br>گروہی الفاظ (متلازم الفاظ) کی نشان دہی کر سکیں | [SLO: U-06-E-05]<br>[SLO: U-07-E-05]<br>[SLO: U-08-E-05]<br>گروہی الفاظ (متلازم الفاظ) استعمال کر سکیں | | |
| [SLO: U-01-E-04]<br>حرف اضافت کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-02-E-04]<br>حرف جار / ربط کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں<br>امالہ کا (حروف کے حوالے سے) فہم رکھتے ہوئے استعمال کر سکیں | [SLO: U-03-E-05]<br>[SLO: U-04-E-06]<br>حرف جار / ربط اور حروف عطف کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | | [SLO: U-05-E-07]<br>حروف عطف، حروف شرط و جزا اور حروف علت، حروف ندا، حروف استعجاب پہچان سکیں اور درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-06-E-06]<br>حروفِ استفہام اور تاکید پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-06]<br>حروفِ فجائیہ (ندائیہ اور تاسف) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-08-E-06]<br>حروفِ فجائیہ (استعجابیہ اور تحسین) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-05] علامتِ ختمہ اور استفہامیہ پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-02-E-05] رموز اوقاف (ختمہ، سکتہ اور استفہامیہ) کا درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-03-E-06] رموز اوقاف (ختمہ، سکتہ، استفہامیہ اور قوسین) کا درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-04-E-07] رموز اوقاف (واوین اور قوسین) کا درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-05-E-08] رموز اوقاف (ختمہ، سکتہ، استفہامیہ، واوین اور قوسین) استعمال کر سکیں | [SLO: U-06-E-07] رموز اوقاف (رابطہ) پہچان سکیں | [SLO: U-07-E-07] رموز اوقاف (تفصیلیہ) استعمال کر سکیں | – |
| [SLO: U-01-E-06] اسمِ ضمیر (میرا، میری، میرے، میں، مجھے) پہچان اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-02-E-06] اسمِ ضمیر (میرا، میری، میرے، میں، مجھے، ہم، ہمارا، ہماری، ہمارے، آپ، تم، تمھیں تمھارا، تمھاری، تمھارے) کا درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-03-E-07] اسمِ ضمیر کی نشان دہی کر سکیں | [SLO: U-04-E-08] اسمِ ضمیر کی حالتیں جان سکیں | - | - | - | - |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-07] اسم اور فعل کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-02-E-07] اسم اور فعل (جملوں میں) کو پہچان سکیں | [SLO: U-03-E-08] اسم، اسم معرفہ، اسم نکرہ، اسم صفت، فعل اور فاعل کی نشان دہی کر سکیں | [SLO: U-04-E-09] اسم معرفہ، اسم نکرہ، اسم صفت، فعل، فاعل اور مفعول کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-05-E-09] اسم کی اقسام بلحاظِ معانی، اسم صفت و موصوف، اسم صوت، اسم آلہ کی پہچان کر سکیں<br>فعل، فاعل اور مفعول کو فہم کے ساتھ استعمال کر سکیں | [SLO: U-06-E-08] اسم کی اقسام (بلحاظ بناوٹ)، اسم نکرہ کی اقسام، اسم ذات کی اقسام کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-08] اسم معرفہ اور اسم علم کی اقسام کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-08-E-07] اسم صفت کی اقسام کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-08] فعل کی اقسام بلحاظِ زمانہ (ہے، ہوں، ہیں تھا، تھی، تھے، گا، گی اور گے) کو پہچان سکیں | [SLO: U-02-E-08] سادہ جملے بلحاظِ زمانہ تبدیل کر سکیں | [SLO: U-03-E-09] سادہ جملے تبدیل کر سکیں (ماضی، حال اور مستقبل) | [SLO: U-04-E-10] سادہ جملے تبدیل کر سکیں (ماضی، حال اور مستقبل) | [SLO: U-05-E-10] ماضی، حال اور مستقبل کے جملے تبدیل کر سکیں | [SLO: U-06-E-09] فعل کی اقسام بلحاظِ معنیٰ کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-09] فعل ماضی کی اقسام کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-08-E-08] فعل کی اقسام بلحاظِ فاعل کو (معروف اور مجہول) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں |
| - | - | - | [SLO: U-04-E-11] [SLO: U-05-E-11] [SLO: U-06-E-10] [SLO: U-07-E-10] سابقوں اور لاحقوں کا درست استعمال کر سکیں | | | | - |

*= اضافی حاصلاتِ تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| - | [SLO: U-02-E-09] مثبت، منفی اور استفہامیہ جملے بنا سکیں | [SLO: U-03-E-10] اقراری، انکاری اور استفہامیہ جملے تبدیل کر سکیں | [SLO: U-04-E-12] فعل امر اور فعل نہی کا درست استعمال کر سکیں | [SLO: U-05-E-12] تمنائی اور شکیہ جملے بنا سکیں | - | - | - |
| - | [SLO: U-02-E-10] الف بائی ترتیب سے الفاظ درج کر سکیں | [SLO: U-03-E-11] [SLO: U-04-E-15] [SLO: U-05-E-13] لغت میں حروف تہجی کی ترتیب سے الفاظ کے معانی تلاش کر سکیں (روز مرہ زندگی کی مہارتیں) | | | [SLO: U-06-E-11] [SLO: U-07-E-11] [SLO: U-08-E-09] الفاظ کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں (روز مرہ زندگی کی مہارتیں) | | |
| - | - | [SLO: U-03-E-12] مرکّب الفاظ کی پہچان کر سکیں | [SLO: U-04-E-16] مرکّب الفاظ کا درست استعمال کر سکیں | - | [SLO: U-06-E-12] مفرد اور مرکّب جملے میں فرق جان سکیں | [SLO: U-07-E-12] مفرد اور مرکّب جملوں کو پہچان کر تبدیل کر سکیں | |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-09] حرکات کی علامات (مد، زیر، زبر، پیش) میں فرق کر سکیں | [SLO: U-02-E-11] حرکات کی علامات (تشدید) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | | [SLO: U-04-E-17] اعراب کی تبدیلی سے الفاظ کے معانی کی تبدیلی کو جان سکیں | [SLO: U-05-E-14] اعراب کی تبدیلی سے الفاظ کے معانی کی تبدیلی کو جان سکیں | [SLO: U-06-E-13] الفاظ کا تلفظ سمجھتے ہوئے اعراب کا استعمال کر سکیں | - | - |
| - | - | - | - | [SLO: U-05-E-15] محاورات استعمال کر سکیں | [SLO: U-06-E-14] محاورات اور ضرب الامثال کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | - | - |
| - | - | - | - | - | [SLO: U-06-E-15] تشبیہ کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں | [SLO: U-07-E-13] استعارہ کی پہچان اور نشان دہی کر سکیں | [SLO: U-08-E-10] تلمیح کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

| جماعت اول | جماعت دوم | جماعت سوم | جماعت چہارم | جماعت پنجم | جماعت ششم | جماعت ہفتم | جماعت ہشتم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [SLO: U-01-E-10] ہم آواز الفاظ استعمال کر سکیں | [SLO: U-02-E-12] ہم آواز الفاظ بنا سکیں | [SLO: U-03-E-13] ہم آواز الفاظ بنا سکیں | [SLO: U-04-E-18] ہم قافیہ الفاظ بنا سکیں | [SLO: U-05-E-16] ہم قافیہ الفاظ بنا سکیں | | | |
| - | [SLO: U-02-E-13] بے ترتیب جملوں کو ترتیب دے سکیں | [SLO: U-03-E-14] بے ترتیب جملوں کو ترتیب دے سکیں | [SLO: U-04-E-19] بے ترتیب جملے ٹھیک کر سکیں | [SLO: U-05-E-17] املا کے حوالے سے غلط فقرات کی درستی کر سکیں | [SLO: U-06-E-16] واحد جمع کے حوالے سے غلط فقرات کی درستی کر سکیں | [SLO: U-07-E-14] تذکیر و تانیث کے حوالے سے غلط فقرات کی درستی کر سکیں | [SLO: U-08-E-11] الفاظ کی تکرار کے حوالے سے غلط فقرات کی درستی کر سکیں |

*= اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

خصوصی نوٹ:

نصاب کی دستاویز کو سادہ رکھنے اور طوالت سے بچنے کے لیے اُردو زبان کی درج ذیل مہارتیں دیگر مہارتوں میں ضم کر دی گئی ہیں (حاصلاتِ تعلم کی پیش رفت کے خاکے میں نشان دہی کر دی گئی ہے۔)

1۔ تقریر

2۔ تخلیقی لکھائی

3۔ استحسان اور تنقید

4۔ روز مرہ زندگی کی مہارتیں

قومی زبان اُردو کی درسی کتب مرتب کرتے وقت متذکرہ بالا مہارتوں کی افادیت اور اساسی اہمیت کی وجہ سے بطورِ خاص انھیں مدِ نظر رکھا جائے گا۔ درسی کتاب کی تشکیل اس انداز میں ہو گی کہ زبان کے جملہ تقاضوں کے حصول کے ساتھ ساتھ یہ مہارتیں طلبہ کی عملی زندگی میں ترجیحی بنیادوں پر اجاگر ہو سکیں۔

* = اضافی حاصلات تعلم (advanced/additional SLOs)

# قومی نصاب۔ اردو (لازمی)

## اول تا ہشتم

**لازمی عنوانات:** ہر جماعت کی درسی کتاب میں درجِ ذیل موضوعات پر ابواب لازمی طور پر شامل ہوں گے:

☆ حمد ☆ نعت ☆ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم ☆ حب الوطنی / وطنیت ☆ اقبالیات ☆ افواجِ پاکستان کے شہدا / نشانِ حیدر ☆ پاکستانی مشاہیر

**مجوزہ اصناف و عنوانات (حصہ نثر)**

| | | |
|---|---|---|
| 1. کہانی۔ (بچوں کے لیے لکھی گئی) | 9. سماجی رہنما (عبدالستار ایدھی، حکیم محمد سعید، سر گنگا رام، ڈاکٹر روتھ فاؤ وغیرہ) | 15. خواتین کا احترام |
| 2. داستان۔ (تخیلاتی) | 10. حفظان صحت پر مضمون | 16. ایجادات |
| 3. افسانہ | 11. ماحولیاتی تبدیلی | 17. انفارمیشن ٹیکنالوجی بشمول میڈیا لٹریسی |
